انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2013ء

اُردو (لازمی) پرچہ: I (دوسرا گروپ)

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

﴿حصہ معروضی﴾

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1- اس دنیا کی بنیاد ہے:

(A) اختلافِ عمل پر (B) تعاونِ عمل پر

(C) اجتماعی عمل پر (D) ذاتی عمل پر

2- ایک شخص میں اپنی مدد کرنے کا جوش اس کی بچی:

(A) تنزلی کی بنیاد ہے (B) شہرت کی بنیاد

(C) عزت کی بنیاد ہے (D) ترقی کی بنیاد ہے

3- گندے انڈوں کا موزوں محلِ استعمال کیا ہے:

(A) جلسہ (B) ٹوکری

(C) کرکٹ میچ (D) بیکری

4- مصنف نے کس شہر میں جا کر دم لیا:

(A) پیکنگ (B) کوپن ہیگن

(C) جکارتہ (D) کولمبو

5- لاہور میں بہم رسانی آب کے لیے ابتدائی منصوبہ کس نے بنایا:

(A) نظام سقہ (B) شیر شاہ سوری

(C) انگریز (D) مغل حکمران

6- ''شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے۔۔دل ہے گویا چراغ مفلس کا'' اس شعر میں تشبیہ دی گئی ہے:

(A) شام کو بجھنے سے (B) دل کو چراغ سے

(C) چراغ کو دل سے (D) دل کو مفلس سے

7- دو چیزوں میں مشترک صفت کے ادبی اظہار کے لیے اصطلاح ہوتی ہے:

(A) تشبیہ (B) استعارہ

(C) تلمیح (D) کنایہ

8- استعارہ کے طور پر لفظ کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے:

(A) غیر حقیقی (B) حقیقی

(C) مجازی (D) لغوی

9- تلمیح کے لغوی معنی ہیں:

(A) کی طرح کہنا (B) اُدھار لینا

(C) اشارہ کرنا (D) کی مانند کہنا

10- ''بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق۔۔عقل ہے محوِ تماشائے لب بام ابھی'' اس شعر میں تلمیح ہے:

(A) محوِ تماشائے (B) لب بام

(C) بے خطر (D) آتشِ نمرود

11- مطلع کے لغوی معنی ہیں:

(A) طلوع ہونا (B) کاٹنا

(C) طلوع ہونے کی جگہ (D) غزل کا پہلا شعر

www.Say2Learn.com

12- مقطع کہلاتا ہے:

(A) غزل وقصیدے کا پہلا شعر (B) غزل کا آخری شعر

(C) مثنوی کا آخری شعر (D) غزل وقصیدے کا آخری شعر

13- ''کارواں سست رہبر خاموش۔۔۔کیسے گزرے گا یہ سفر خاموش'' قوافی کی نشاندہی کیجئے:

(A) خاموش' خاموش (B) رہبر' سفر

(C) سفر' نگر (D) نگر' رہبر

14- ہم آواز الفاظ اور ردیف سے پہلے آنے والے ہیں:

(A) ردیفیں (B) مطلع

(C) قافیے (D) مقطعے

15- ''اس کے جاتے ہی یہ کیا ہوگئی گھر کی صورت''۔۔۔نہ وہ دیوار کی صورت ہے نہ در کی صورت'' ردیف کی نشاندہی کیجئے:

(A) گھر در (B) کی' کی

(C) صورت (D) کی صورت

16- نیکی _____ راہ بہت کٹھن ہے:

(A) کے (B) کا

(C) کی (D) A اور B دونوں

17- بھنگی نے جھاڑو نہیں _____:

(A) دیے (B) دیا

(C) دی (D) ان میں سے کوئی نہیں

18- فروری ختم _____ مارچ آیا:

(A) ہوا (B) ہوئی

(C) ہوئے (D) A اور B دونوں

19- تمھیں ہر بات پر واویلا نہیں _____ چاہیے:

(A) کرنی (B) کرنا

(C) کرنے (D) ان میں سے کوئی نہیں

20- یہ اردو _____ بہترین لغت ہے:

(A) کی (B) کے

(C) کا (D) کو

www.Say2Learn.com

انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2013ء

اُردو (لازمی) — پرچہ: I (دوسرا گروپ)

وقت: 2.40 گھنٹے — کل نمبر: 80

حصہ انشائی

(حصہ اوّل)

2-(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے: 8,1,1

کل ایک مفکر مجھے کہتا تھا سر راہ — شاید تیری ملت کا ہے مٹنے کا ارادہ
میں نے یہ کہا اُس سے کوئی وجہ بھی ہوگی — بولا کہ تری قوم میں شاعر ہیں زیادہ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے: 9,1

رسمِ جفا کامیاب، دیکھیے کب تک رہے — حبِ وطن مست خواب، دیکھیے کب تک رہے
دل پہ رہا مدتوں، غلبۂ یاس و ہراس — قبضۂ حزم و حجاب، دیکھیے کب تک رہے
پردۂ اصلاح میں، کوششِ تخریب کا — خلقِ خدا پر عذاب، دیکھیے کب تک رہے

(حصہ دوم)

3- سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے: 10,3,1,1

(ا) اس جبلی مہر و محبت کا مقتضا تھا کہ وہ اپنے رفیقوں اور نوکروں اور لگے بندھوں کو تا بمقدور عمر بھر اپنے ساتھ نباہنا چاہتے تھے۔ جس شخص کے قدم اُن کے ہاں جم گئے پھر نہ وہ اس کو اپنے پاس سے جُدا کرنا چاہتے تھے اور نہ وہ اُن سے جُدا ہوتا تھا۔ اول تو وہ کسی کی شکایت سنتے نہ تھے اور اگر کوئی کسی ملازم کی کوئی شکایت کرتا تھا تو اس کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا۔

(ب) بہم رسانی آب کے لئے ایک سکیم عرصے سے کمیٹی کے زیرِ غور ہے۔ یہ سکیم نظام سقے کے وقت سے چلی آتی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ نظام سقے کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے اہم مسودات بعض تو تلف ہو چکے ہیں اور جو باقی ہیں ان کے پڑھنے میں بڑی دقت پیش آ رہی ہے۔ اس لیے ممکن ہے کہ تحقیق و تدقیق میں ابھی چند سال اور لگ جائیں۔ عارضی طور پر پانی کا یہ انتظام کیا گیا ہے کہ فی الحال بارش کے پانی کو حتی الوسع شہر سے باہر نکلنے نہیں دیتے۔

4- کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھئے: 9,1

(i) اور آنا گھر میں مرغیوں کا (ii) سفارش

5- مولانا ظفر علی خاں کی نظم "مستقبل کی جھلک" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

6- امن و امان کی خراب صورتِ حال پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

کالج میں منعقدہ ہونے والی کسی ادبی تقریب کی روداد لکھیے۔

7- کنٹرولر امتحانات ثانوی تعلیمی بورڈ کے نام سند جاری کرنے کی درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8- درجِ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان تحریر کیجئے: 8,2

کنجوس آدمیوں کے بارے میں عموماً کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ بے عزت اور انسانی جذبات سے عاری ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی کا واحد مقصد روپیہ جمع کرنا ہے۔ یہ اپنے مقصد کے حصول کی خاطر خود پر تمام مسرتوں اور خوشیوں کے دروازے بند کر لیتے ہیں۔ انہیں ایسے مخبوط الحواس انسان کہا جاتا ہے جو بے حساب دولت کے مالک ہونے کے باوجود اپنی زندگی کی ہر ایسی خوشی اور تمنا کا گلا گھونٹ دیتے ہیں جس پر انہیں پیسہ خرچ کرنا پڑتا ہے لیکن کنجوسوں کے بارے میں یہ بیان نہایت مبالغہ آمیز ہے کیوں کہ حقیقی زندگی میں ایسے کنجوسوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے شاید تمہیں ایک کنجوس بھی ایسا نہ ملے جس میں یہ تمام کوتاہیاں یکجا ہوں۔ ہمیں کنجوس کے خطاب یافتہ لوگوں میں بڑے بڑے سنجیدہ اور محنتی انسان ملتے ہیں۔ وہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی کفایت شعاری اور محنت شاقہ کے ذریعے ترقی کر کے اپنے کو ممتاز کیا ہوتا ہے۔

www.SayLearn.com